: urdu
Informasjon til asylsøkere i Norge

NOAS

ناروے میں پناہ خواہوں کے لیے

معلومات

اس کتابچہ کو ناروے کی تنظیم برائے پناہ خواہاں (NOAS) نے تیار کیا ہے۔
NOAS ایک غیر سرکاری حقوق انسانی کی تنظیم ہے جو پناہ خواہوں کو معلومات اور قانونی مدد فراہم کرتی ہے۔

اس کتابچہ میں ناروے میں تحفظ کی درخواست دینے والے پناہ خواہوں کے لئے اہم معلومات درج ہیں۔

اس کتابچہ میں درج ذیل معلومات فراہم کی گئی ہیں:

- تحفظ کا حق کسے حاصل ہے؟
- انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر کسے اقامت کی اجازت مل سکتی ہے؟
- آپ کی پناہ کی درخواست پر کون سا ملک کارروائی کرے گا؟
- ناروے میں آپ کی پناہ کی درخواست پر کون کارروائی کرے گا؟
- جب آپ تحفظ کے لئے درخواست دیں تو کیا ہوتا ہے؟
- پناہ کے انٹرویو کے لئے ضروری صلاح
- بحیثیت پناہ خواہ آپ کے فرائض و حقوق
- رازداری برقرار رکھنے کا فریضہ

1. تحفظ کا حق کسے حاصل ہے؟

آپ کے اپنے وطن واپس جانے پر اگر آپ کو ہلاک کیے جانے، تشدّد کا نشانہ بنائے جانے یا دیگر کسی سخت زیادتی کا خطرہ لاحق ہو تو آپ کو تحفظ، یعنی پناہ، کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کے وطن کے حکام آپ کی حفاظت کرسکتے ہیں یا اگر آپ کے وطن میں آپ کے لئے محفوظ خطے موجود ہیں تو عموما ناروے میں آپ کو تحفظ کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

یہ بین الاقوامی معاہدوں کی رو سے طے ہوتا ہے کہ پناہ کا حق کسے حاصل ہے اور ناروے ان معاہدوں پر عمل کرنے کا پابند ہے۔

2. انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر کسے اقامت کی اجازت مل سکتی ہے؟

اگر آپ کو تحفظ کے لئے دعویٰ کرنے کا حق حاصل نہیں ہے تو حکام اس بات کا جائزہ لیں گے کہ کیا آپ کو انسانی ہمدردی کی مضبوط بنیادوں پر یا ناروے کے ساتھ کسی خاص تعلق کی وجہ سے اقامتی اجازت نامہ ملنے کی شرائط پوری پائی جاتی ہیں۔ اسے انسانیت کی بنیادوں پر اقامت کہا جاتا ہے۔

اس قسم کی اقامت ملنے کے لئے عام طور پر آپ کے پاس پاسپورٹ ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ نے حکام کو پاسپورٹ نہیں دیا تو ممکن ہے کہ اس وجہ سے آپ کی درخواست رد کر دی جائے یا آپ کو ایک محدود اجازت نامہ دیا جائے جس سے آپ کو نہ مستقل رہائش کا حق مل سکے گا اور نہ آپ کی فیملی ناروے آ کر آپ کے ساتھ رہائش اختیار کر سکے گی۔

3. آپ کی پناہ کی درخواست پر کون سا ملک کارروائی کرے گا؟

ناروے میں تحفظ کے لئے درخواست دینے والے ہر شخص کی درخواست پر ناروے میں کارروائی نہیں ہوگی۔ ڈبلن معاہدہ یوروپی ممالک کے مابین ایک ایسا معاہدہ ہے جس کے نتیجے میں پناہ خواہوں کی درخواستوں پر کارروائی معاہدے میں شامل ممالک میں سے صرف ایك ملک میں ہوتی ہے۔

ڈبلن معاہدے میں شامل کسی اور ملک میں آپ کی درخواست پر کارروائی اس صورت میں ہوگی اگر اس ملک میں:

- آپ کی انگلیوں کے نشانات کا اندراج کیا گیا ہو
- آپ نے پناہ کے لئے درخواست دی ہو
- آپ کو ویزا یا رہائشی پرمٹ ملا ہو
- آپ کی قریبی فیملی ہو

ناروے کے حکام کو اس بات کی تفتیش کرنے اور فیصلہ کرنے میں عموما دو سے چھ ماہ کا عرصہ لگتا ہے کہ آیا کہ آپ کو کسی دوسرے ملک میں منتقل کیا جائے گا۔

اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو آپ NOAS سے ڈبلن معاہدہ پر ایک علیٰحدہ کتابچہ حاصل کرسکتے ہیں۔

4. ناروے میں آپ کی پناہ کی درخواست پر کون کارروائی کرے گا؟

ناروے کا ڈائریکٹوریٹ برائے امیگریشن (یو ڈی آئی) ناروے کی مرکزی حکومت کا ایک حصہ ہے۔ یہ ڈائریکٹوریٹ آپ کا انٹرویو لے گا اور یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو رہنے کی اجازت ملنی چاہیئے یا نہیں۔ یو ڈی آئی پناہ کے لئے سبھی درخواستوں پر دھیان سے غور کرتا ہے اور ہر درخواست پر انفرادی کارروائی کرتا ہے۔

5. جب آپ تحفظ کے لئے درخواست دیں تو کیا ہوتا ہے؟

بحیثیت پناہ خواہ آپ کا پولیس میں اندراج

پولیس آپ کی تصویر اور انگلیوں کے نشان لے گی۔ وہ لوگ آپ سے آپ کی شناخت، ناروے آنے کے روٹ کے بارے میں پوچھیں گے. یو ڈی آئی, آپ کی تحفظ کی درخواست دینے کی وجہ کے بارے میں پوچھیں گے۔ اگر آپ کے پاس شناختی کاغذات موجود ہیں تو اندراج کے وقت یہ کاغذات دینا آپ کیلئے لازمی ہے۔

آپ کو پناہ گزینوں کے کیمپ میں منتقل کیا جائے گا

اندراج کے بعد آپ کو نئے آنے والوں کے کیمپ میں لے جا یا جائے گا۔ کسی دیگر عارضی یا عام کیمپ میں بھیجے جانے سے قبل کچھ دن آپ کا قیام یہیں پر رہے گا۔ کیمپ کا عملہ آپ کے فرائض و حقوق کے بارے میں آپ کو مزید معلومات فراہم کرے گا۔

آپ کا ٹی بی ٹیسٹ ہوگا

کیمپ میں پہلے چند دنوں کے دوران آپ کا ٹی بی (تپ دق) ٹیسٹ کیا جائے گا۔ یہ ہر شخص کے لئے لازمی ہے۔ اگر آپ کو صحت کا کوئی شدید مسئلہ ہے جس کا فوری علاج ضروری ہے تو مرکز صحت میں آپ کو اس کی اطلاع دینی چاہیئے۔

NOAS کی جانب سے آپ کو معلومات اور ہدایات ملیں گی

اوّلین کیمپ میں پہلے چند دنوں کے دوران آپ کو NOAS کی جانب سے معلومات ملیں گی۔ NOAS ایک غیر سرکاری حقوق انسانی کی تنظیم ہے جو ناروے میں پناہ خواہوں کے حقوق کیلئے کام کرتی ہے۔ کیمپ میں NOAS کا کردار پناہ خواہوں کو معلومات اور رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ آپ کو پناہ کے طریقۂ کار سے متعلق معلومات پر مبنی ایک فلم دکھائی جائے گی اور NOAS کے کسی کارکن سے آپ کی بات چیت ہوگی۔ بات چیت کا مقصد یو ڈی آئی کے ساتھ انٹرویو کے لئے آپ کو تیار کرنا ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ اس بات چیت میں تحفظ کی درخواست سے متعلق جو بھی سوال آپ کے ذہن میں ہے پوچھ لیں۔ بات چیت ایسی زبان میں ہوگی جسے آپ اچھی طرح سمجھتے ہوں۔

اگر آپ کو ڈبلن قواعد کے تحت کسی دوسرے ملک میں منتقل کیے جانے کا امکان ہو تو یہ اہم ہے کہ آپ اس کا ذکر کریں تاکہ آپ کو صحیح معلومات دی جائیں۔ NOAS کا عملہ رازداری کا پابند ہے۔

یو ڈی آئی آپ کا انٹرویو لے گا

پناہ کے لئے انٹرویو اس بات کی وضاحت کرنے کا سب سے اہم موقع پے کہ آپ کیوں درخواست دے رہے ہیں۔
پناہ کے لئے انٹرویو عموما کئی گھنٹے تک چلتا ہے۔ اپنے تجربات ٹھوس اور مفصّل اندازمیں واضح کریں اور بتائیں کہ اگر آپ اپنے وطن واپس جائیں گے تو آپ کو کس چیز سے خوف ہے۔ انٹرویو کے دوران ایک مترجم موجود رہے گا۔ مترجم پر رازداری کی پابندی ہوتی ہے اور وہ غیر جانب دار ہوتا ہے۔ اگر آپ کو بات سمجھنے میں دشواری ہو تو آپ کو فوراً انٹرویو لینے والے سے اس کا ذکر کرنا چاہیئے۔
پناہ کے لئے انٹرویو کے اختتام پر آپ ایک رپورٹ پر دستخط کریں گے جس میں یہ لکھا ہوگا کہ انٹرویو میں کیا باتیں کہی گئیں۔ مترجم آپ کو یہ پڑھ کر سنائے گا۔ اگر آپ رپورٹ میں کچھ تبدیل کرنا چاہیں تو آپ کو دستخط کرنے سے قبل اس کا ذکر کرنا چاہیئے۔

آپ ایک عام کیمپ میں منتقل ہو جائیں گے جہاں پر یو ڈی آئی سے جواب کے انتظار کے دوران آپ کا قیام ہوگا

کیمپ میں رہائش مفت ہے۔ اگر آپ چاہیں تو یو ڈی آئی سے جواب کا انتظار کرتے ہوئے پرائیویٹ رہائشگاہ میں بھی رہ سکتے ہیں لیکن تب آپ کو کوئی مالی مدد نہیں ملے گی۔ اگر آپ اپنا پتہ بدلیں تو اس کی اطلاع کیمپ میں کرنا ضروری ہے جو آپ کا پتہ رجسٹر کر لے گا۔ اپنا پتہ رجسٹر کروانا اہم ہے تاکہ یو ڈی آئی کا جواب آپ تک پہنچ سکے۔

نئ معلومات

پناہ کے لئے انٹرویو کے بعد اگر کوئی نئی معلومات موصول ہوں جو آپ کی پناہ کی درخواست کے لئے اہم ہوں تو آپکو فورا یوڈی آئی کو مطلع کرنا چاہیئے۔ یہ واضح کریں کہ پہلے آپ نے ان معلومات کا ذکر کیوں نہیں کیا۔ کیمپ کا عملہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ یہ کیسے کیا جائے۔

یو ڈی آئی سے جواب کا انتظار کریں
آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کے لئے یو ڈی آئی کو چند ہفتوں سے لے کر ایک سال تک کا وقت لگ سکتا ہے۔ اگر اس میں زیادہ وقت لگے تو وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ یو ڈی آئی اس بات کی تفتیش کر رہی ہے کہ آیا آپ نے جو معلومات فراہم کی ہیں وہ صحیح ہیں یا نہیں۔ یہ اس لئے بھی ہوسکتا ہے کہ یو ڈی آئی آپ کے وطن میں حالات کی چھان بین کر رہی ہے، یا اس لئے کہ دوسرے بہت سے لوگ بھی یو ڈی آئی سے جواب کا انتظار کر رہے ہیں۔

آپ کو یو ڈی آئی سے ایک جواب ملے گا: اقامتی اجازت نامہ یا انکار

اقامتی اجازت نامہ
اگر آپ کو اقامتی اجازت نامہ مل جائے تو آپ کو ایک مقامی میونسپلٹی میں رہائش کی پیشکش کی جائے گی۔ آپ کو کیمپ میں مزید معلومات موصول ہوں گی۔

انکار
اگر آپ کی درخواست رد کر دی جائے تو آپ کو اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ اپیل کی تیاری میں مدد کے لئے آپ کو مفت وکیل ملے گا جو عموماً پانچ گھنٹے آپ کیلئے کام کرتا ہے۔ آپ کیلئے تین ہفتوں کے اندر اپیل کرنا لازمی ہے۔ اپنی اپیل پر کارروائی کے دوران آپ عموماً ناروے میں قیام کر سکتے ہیں لیکن اگر یوڈی آئی کی رائے میں آپ کی درخواست بالکل بے بنیاد ہے تو پھر قیام نہیں کر سکتے۔

نارویجن بورڈ برائے امیگریشن اپلیز (یو این ای)
یو این ای آپ کی اپیل کا جائزہ لے گا۔ یو این ای آپ کو ایک میٹنگ میں طلب کرسکتا ہے یا اضافی معلومات فراہم کرنے کے لئے کہہ سکتا ہے۔

اگر آپ کی درخواست رد کر دی گئی ہے تو آپ اپنے وطن واپس جانے کے پابند ہوں گے
ایسی صورت میں پولیس کی طے کی ہوئی مدت کے اندر، جو عموماً دو ہفتے کی ہوتی ہے، آپ کی وطن واپسی لازمی ہوتی ہے۔ اس مدت کے ختم ہونے کے بعد آپ کا ناروے میں قیام غیر قانونی ہوگا ۔
اگر آپ کو حتمی انکار کر دیا جائے، یعنی اگر یو این ای نے یو ڈی آئی کے تحفظ دینے سے انکار کو درست ٹھہرایا تو آپ بین الاقوامی تنظیم برائے مائیگریشن (آئی او ایم) کے ذریعہ رضاکارانہ طور پر واپس جانے کا فیصلہ کر سکتے ہیں یا پولیس آپ کے ملک چھوڑنے کا انتظام کرے گی (بالجبر واپسی)۔

آئی او یم کے ذریعہ رضاکارانہ واپسی
ناروے کے حکام آپ کے لئے رضاکارانہ طور پر وطن واپس جانے کا انتظام کریں گے۔ رضاکارانہ واپسی کا مطلب یہ ہے کہ آپ ناروے کے رضاکارانہ واپسی کیلئے مدد کے پروگرام جسے
Voluntary Assisted Return Programme (VARP) کہا جاتا ہے، کو درخواست دے کر اپنے سفر کے لئے خود تعاون کریں۔

VARP پروگرام یو ڈی آئی اور آئی او ایم کے درمیان ایک اشتراک ہے جو آپ کے وطن جانے کا انتظام کرتا ہے۔ جب آپ رضاکارانہ طور پر واپس جاتے ہیں تو ناروے کی حکومت آپ کے سفر کے اخراجات ادا کرتی ہے۔

ناروے میں اقامتی اجازت نامہ نہ رکھنے والے سب افراد رضاکارانہ واپسی کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔
اگر آپ کی پناہ کی درخواست رد ہو جائے تو ناروے سے جانے کے لئے آپ کے پاس محدود وقت ہوتا ہے۔ اگر آپ رضاکارانہ واپسی کے خواہشمند ہیں تو پناہ کے لئے اپنی درخواست کے رد ہونے کے فوراً بعد آپ آئی او ایم کو ایک درخواست بھیجیں۔ اگر آپ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے تو آئی او ایم سفری دستاویزات حاصل

کرنے اور ٹکٹ بک کرنے میں آپ کی رہنمائی اور مدد کرتا ہے۔ آئی او ایم کے ذریعہ سفر کے اہل ہونے کے لئے آپ کے پاس اپنے وطن کے حکام کا جاری کردہ مؤثر پاسپورٹ یا کوئی اور سفری دستاویز ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ کے پاس مؤثر پاسپورٹ یا کوئی اور سفری دستاویز نہیں ہے تو آئی او ایم آپ کے نزدیکی سفارت خانہ/ قونصل خانہ سے اسے حاصل کرنے لئے درخواست دینے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو آئی او ایم سفر کے دوران اور اپنے وطن میں آپ کی آمد پر بھی آپ کی مدد کرسکتا ہے۔

رضاکارانہ واپسی کے بارے میں مزید معلومات اور درخواست فارم بھرنے کے لئے مدد آپ اپنے پناہ کیمپ، یوڈی آئی کے مقامی دفتر یا آئی او ایم سے حاصل کرسکتے ہیں۔

بالجبر واپسی
حتمی انکار کے بعد اگر آپ رضاکارانہ طور پر وطن واپس نہیں جاتے تو واپسی کیلئے دی گئ مہلت پوری ہونے کے بعد پولیس آپ کے ملک چھوڑنے کا انتظام کرے گی۔

اس حراستی واپسی کے اخراجات آپ کو خود برداشت کرنے ہوں گے۔ اگر آپ جہاز کے ٹکٹ کے لئے ادائیگی نہ کرسکیں تو حکومت اس کی ادائیگی کرے گی لیکن آپ یہ رقم لوٹانے کے پابند رہیں گے۔ اگر آپ اپنی حراستی واپسی کے اخراجات ادا کرنے سے قاصر رہے تو بعد میں ناروے اور دیگر یوروپی ممالک میں آپ کا داخلہ و ویزا ممنوع قرار دیا جاسکتا ہے۔

اگر آپ کسی جرم کے مرتکب ہوں

اگر آپ کسی جرم کا ارتکاب کریں تو پناہ کے لئے آپ کی درخواست پر بہت جلد کاروائی کر لی جائے گی تاکہ آپ کو جلد ناروے سے باہر بھیجا جا سکے۔ اگر آپ کوئی غیر قانونی حرکت کریں تو آپ کا ناروے سے اخراج بھی ہوسکتا ہے جس کے نتیجے میں آپ آئندہ ناروے اور اکثر یوروپی ممالک میں داخل نہیں ہو سکیں گے۔

6. پناہ کے انٹرویو کے لئے ضروری صلاح

- مکمل اور مفصّل طور پر وضاحت کریں کہ آپ کو اپنا وطن کیوں چھوڑنا پڑا اور واپس جانے میں آپ کو کس بات کا خوف ہے۔
- اپنی گفتگو اس پر مرکوز رکھیں کہ خود آپ پر کیا بیتی ہے اور اگرآپکو واپس جانا پڑے تو آپ کے ساتھ کیا ہوگا۔
- جس قدر ممکن ہو جامع و واضح بات کریں۔
- اگر آپ کے ساتھ 18 سال سے کم عمر کے بچے ہوں تو ان کی صورتحال کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ ان پر کیا بیتی ہے۔
- اگر آپ کو کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو انٹرویو لینے والے سے وضاحت کرنے کے لئے کہیں۔
- اگر آپ کے پاس ایسی دستاویزات ہوں جو آپ کی پناہ کی درخواست سے تعلق رکھتی ہوں تو آپ کو انہیں انٹرویو کیلئے ہمراہ لے جانا چاہیئے۔
- سچ بولیں۔ اگر آپ کوئی ایسی بات کہیں جو سچ نہ ہو تو یہ آپ کی درخواست رد کئے جانے کا سبب بن سکتا ہے۔ اس صورت میں آپ کا ناروے سے اخراج بھی ہو سکتا ہے جس کے نتیجے میں آئندہ آپ ناروے اور اکثر یوروپی ممالک میں داخل نہ ہو سکیں گے۔

خواتین پناہ خواہان

خواتین کو ایذا دینے کی صورتیں مردوں سے مختلف ہوسکتی ہیں۔ خواتین کیلئے ان چیزوں کے بارے میں خصوصاً مردوں کو بتانا مشکل ہوسکتا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو آپ NOAS کی کسی خاتون کارکن کے ساتھ بات کرسکتی ہیں۔ اگر آپ ایسا چاہیں تو معلومات پر مبنی فلم دیکھنے کے بعد جس قدر جلد ہو سکے NOAS والوں کو بتائیں۔
آپ یو ڈی آئی کے ساتھ اپنے انٹرویو کے لئے بھی گزارش کر سکتی ہیں کہ کوئی خاتون انٹرویو لے اور مترجم بھی خاتون ہو۔ آپ NOAS کے ساتھ بات چیت کے دوران اس بارے میں مطلع کرسکتی ہیں۔

کیا آپ 18 سال سے کم عمر کے کسی بچے کو ساتھ لائے ہیں؟

پناہ کی درخواست پر غور کے سلسلے میں بچے کی صورتحال اہم ہوتی ہے۔ یو ڈی آئی یہ بھی معلوم کرنا چاہتا ہے کہ آیا پناہ مانگنے کے لئے بچے کی علیحدہ وجوہ موجود ہیں اور یہ بھی کہ بچہ اپنے حالات زندگی کے بارے میں کیا محسوس کرتا ہے۔ یہ اہم ہے کہ پناہ کے لئے انٹریو کے دوران آپ اس بارے میں یو ڈی آئی کو بتائیں۔

یو ڈی آئی سات سال سے زیادہ عمر کے بچوں کا انٹرویو لیتا ہے۔ یہ اہم ہے کہ بچے پر جو بیتی ہے، وہ بچے کو اپنے الفاظ میں بتانے موقع ملے۔ بعض اوقات بچے مسائل کو زیادہ شدّت سے محسوس کرتے ہیں، بنسبت بڑوں کے۔ اگر بچے کی اپنی خواہش نہ ہو تو یو ڈی آئی کبھی بچے کا انٹرویو نہیں لیتا۔

7. بحیثیت پناہ خواہ آپ کے فرائض و حقوق

آپ اپنی شناخت کی وضاحت میں تعاون کرنے کے پابند ہیں

ناروے کے حکام کے لئے یہ جاننا اہم ہے کہ آپ کون ہیں۔ اس لئے یہ اہم ہے کہ آپ ایسی دستاویزات فراہم کریں جن سے آپ کی شناخت طے ہو سکے۔ اگر آپ اپنے وطن میں حکام کی طرف سے ایذا رسانی کا نشانہ بن رہے ہیں تو نارویجن حکام مطالبہ نہیں کریں گے کہ آپ شناختی دستاویزات حاصل کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر نارویجن حکام کو آپ کی شناخت سے متعلق شبہات ہوں تو آپ کو درج ذیل خطرات ہوسکتے ہیں:

- آپ کی بات پر یقین نہ کیا جاۓ
- ناروے میں رہنے کی اجازت ملنے کا امکان کم ہوجائے
- آپ کو وہ حقوق نہ ملیں جو دوسری صورت میں ملتے
- آپ کو محدود اقامتی اجازت نامہ ملے

درست معلومات فراہم کرنا آپ کا فرض ہے

ایک پناہ خواہ کی حیثیت سے آپ پر یہ واضح کرنا لازم ہے کہ آپ تحفظ کی درخواست کیوں دے رہے ہیں۔ اس لئے آپ کو ہر ممکن تعاون کرنا چاہیئے اور ضروری دستاویزات پیش کرنی چاہیئں۔
تحفظ کے لئے درخواست دینے سے پہلے آپ نے دوسروں سے خواہ کچھ بھی سنا ہو، یہ اہم ہے کہ آپ نارویجن حکام کو اپنی پناہ کی درخواست کا صحیح پس منظر بتائیں۔ غلط معلومات فراہم کرنا قابل سزا جرم ہے۔ اس کا نتیجہ اخراج بھی ہوسکتا ہے۔

پناہ طلب کرنے کے دوران آپ کو کام کرنے کا حق حاصل ہو سکتا ہے

پناہ کے لئے اپنی درخواست پر کارروائی کے انتظار کے دوران آپ کو ورک پرمٹ مل سکتا ہے بشرطیکہ آپ اپنی شناخت کے لئے دستاویز پیش کر سکیں اور آپ کی درخواست پر ڈبلن معاہدہ کے تحت کام نہ ہو رہا ہو۔ ورک پرمٹ چھ مہینوں تک کے لئے مؤثر ہوگا لیکن اس کی تجدید ہو سکتی ہے۔

آپ کو طبی علاج کا حق حاصل ہے

پناہ کے لئے اپنی درخواست پر کارروائی کے انتظار کے دوران آپ کو ضروری علاج کروانے کا حق حاصل ہے۔ 12 سال سے کم عمرکے بچوں کا علاج مفت ہے۔ ناروے میں بالعموم سب لوگوں کو خود فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔ اگر آپ کو ماہر نفسیات کی مدد کی ضرورت ہو تو آپ یو ڈی آئی کو اخراجات ادا کرنے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے کیمپ کے عملہ سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کی صحت بہت خراب ہو توآپ کو اس کے بارے میں یوڈی آئی کو مطلع کرنا چاہیئے۔

پناہ کے لئے آپ اپنی درخواست واپس لے سکتے ہیں

آپ کسی بھی وقت پناہ کے لئے اپنی درخواست واپس لے سکتے ہیں۔ پھر آپ کے لئے یہ ممکن ہوگا کہ آپ وطن جانے میں مدد کے لئے آئی او ایم کو درخواست دیں۔

8. رازداری برقرار رکھنے کا فریضہ

پولیس، یو ڈی آئی، یو این ای، مترجم، وکیل، صحت کے عملہ اور NOAS پر رازداری کی پابندی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ آپ کے وطن کے حکام کو آپ کی پناہ کی درخواست کے بارے میں معلومات نہیں دے سکتے۔
جو لوگ آپ کی پناہ کی درخواست پر کام نہیں کر رہے ہیں، یہ انہیں بھی بتا سکتے کہ آپ نے کیا کہا۔ رازداری کے فریضہ کو توڑنا قابل سزا جرم ہے۔ اس لئے آپ کو تفصیل سے یہ بتانے میں ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کو تحفظ کی ضرورت کیوں ہے۔

پتے

نیشنل پولیس امیگریشن یونٹ

پولیس نئے آنے والے پناہ خواہوں کا اندراج کرتی ہے۔
پولیس ایسے پناہ خواہوں کو واپس بھی بھیجتی ہے جو پناہ کی درخواست رد ہونے کے بعد رضاکارانہ طور پر ناروے سے نہیں جاتے۔

ڈاک کا پتہ: Postboks 8102 Dep, NO-0032 Oslo, Norway
ملاقات کا پتہ: Christian Krohgs gate 32, 0186 Oslo
ٹیلی فون: 00 24 34 22 47+، فیکس: 80 24 34 22 47+
ای میل: pu@politiet.no

ناروے کا ڈائریکٹوریٹ برائے امیگریشن (یو ڈی آئی)

مرکزی حکومت کا ادارہ ہے جس کے کاموں میں پناہ، فیملی امیگریشن، ویزا اور شہریت کی درخواستوں پر کارروائی کرنا شامل ہے۔
یو ڈی آئی پناہ کے کیمپوں کے لئے بھی ذمہ دار ہے۔

ڈاک کا پتہ: Postboks 8108 Dep., 0032 Oslo
ملاقات کا پتہ: Hausmannsgt. 21, 0182 Oslo
ٹیلی فون: 00 15 35 23 47+، فیکس: 01 15 35 23 47+
ویب سائیٹ: www.udi.no، ای میل: ots@udi.no

بین الاقوامی تنظیم برائے مائیگریشن (آئی او ایم)

رضاکارانہ واپسی کیلئے مدد کے بارے میں معلومات

ڈاک کا پتہ: Postboks 8927 Youngstorget, 0028 Oslo
ملاقات کا پتہ: Storgata 10a, 2. etg, 0155 Oslo
ٹیلی فون: 20 53 10 23 47+، فیکس: 21 53 10 23 47+
ای میل: osloreturn@iom.int

دفتر کھلنے کے اوقات: سوموار تا جمعہ: 10:00 سے 15:00، ہفتہ و اتوار: بند

نارویجن بورڈ برائے امیگریشن اپیلز (UTLENDINGSNEMNDA, UNE)

ایک عدالت نما انتظامی ادارہ ہے جو یو ڈی آئی کی رد کی ہوئی درخواستوں کے سلسلے میں اپیلوں پر کام کرتا ہے۔

ڈاک کا پتہ: Postboks 8165 Dep., 0034 Oslo
ملاقات کا پتہ: Stenersgt. 1B/C, 0050 Oslo
ٹیلی فون: 00 50 08 21 47+، فیکس: 01 50 08 21 47+
ویب سائیٹ: www.une.no، ای میل: postmottak@une.no

نارویجن ریڈ کراس (NORGES RØDE KORS)

کھوج لگانے کی سروس جو جنگ، تنازعہ یا آفات کے سبب جدا ہو جانے والے گھرانوں کے افراد کو ایک دوسرے سے رابطہ بحال کرنے کیلئے مدد دیتی ہے۔
ریڈ کراس یوڈی آئی یا دوسروں کو آپ کے بارے میں معلومات نہیں دیتا۔
یہ سروس مفت ہے۔

ڈاک کا پتہ: Postboks 1 Grønland, 0133 Oslo
ملاقات کا پتہ: Hausmannsgt. 7, 0186 Oslo
ٹیلی فون: 00 40 05 22 47+
ویب سائیٹ: www.rodekors.no، ای میل: tracing@redcross.no

NOAS ایک غیر سرکاری حقوق انسانی کی تنظیم ہے جو پناہ خواہوں کو معلومات اور قانونی مدد فراہم کرتی ہے۔

اس کتابچہ میں ناروے میں تحفظ کی درخواست دینے والے پناہ خواہوں کے لئے اہم معلومات درج ہیں۔

NOAS

نارویجین تنظیم برائے پناہ خواہاں (این او اے ایس)

ملاقات کا پتہ: Torggata 22, 0183 Oslo

ڈاک کا پتہ: Postboks 8893 Youngstotget., 0028 Oslo

ٹیلی فون: 60 56 36 22 47+، فیکس: 61 56 36 22 47+

ویب سائیٹ: www.noas.org، ای میل: noas@noas.org